**09.03.2025**

**08.30 Hrs**

**-1 وزیر اعظم نریندر مودی، منگل سے ماریشس کا دو روزہ سرکاری دورہ کریں گے۔**

**-2 پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ کل شروع ہوگا۔**

**-3 دلّی سرکار نے، مجاز خواتین کو ہر ماہ ڈھائی ہزار روپے فراہم کرنے کی غرض سے مہیلا سَمردھی یوجنا کو منظوری دے دی ہے۔**

**-4 وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ بھارت، معاشی ترقی کو فروغ دینے اور بلا روکاوٹ سپلائی چَینس کو یقینی بنانے کے لیے امریکہ کے ساتھ ایک بہتر تجارتی سمجھوتے کا منتظر ہے۔**

**-5 موسمِ سرما کے کھیلو انڈیا گیمس 2025 کا دوسرا مرحلہ آج جموں و کشمیر کے گلمرگ میں شروع ہوگا۔**

**-6 اور کرکٹ میں، آج سہ پہر دبئی میں ICC چیمپئنس ٹرافی کے فائنل میں بھارت کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہوگا۔**

**اب خبریں تفصیل سے۔**

**Rev. MEA PM Mauritius**

**وزیر اعظم نریندر مودی منگل سے ماریشس کا دو روزہ سرکاری دورہ کریں گے۔ نئی دلّی میں میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے خارجہ سکریٹری وکرم مصری نے کہا کہ بھارت کے ماریشس کے ساتھ تعلقات ثقافتی سطح پر انتہائی مضبوط اور مشترکہ تاریخی اعتبار سے کافی مستحکم ہیں اور یہ مضبوط تعلقات کئی صدیوں پرانے ہیں، جن کی جڑیں کافی گہری ہیں اور یہ تعلقات عوام سے عوام کے درمیان بھی کافی گہرے ہیں۔**

**S/B - Vikram Misri - Indo Mauritius**

**انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات گزشتہ 10 کے عرصے میں کافی مضبوط اور گہرے ہوئے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس دورے سے دونوں ملکوں کو باہمی تعلقات کا جائزہ لینے کا موقع فراہم ہوگا۔**

**جناب مصری نے کہا کہ وزیر اعظم مودی ماریشس کی قومی دن کی تقریبات میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے مدعو کیے گئے ہیں۔**

**خارجہ سکریٹری نے کہا کہ بھارتی دفاعی افواج کا ایک دستہ، بھارتی بحریہ کا ایک جہاز اور بھارتی فضائیہ آکاش گنگا اسکائی ڈاؤنگ کا دستہ ماریشس کے قومی دن کے موقع پر شرکت کرے گا۔×**

## Parliament Budget Session

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ کل سے شروع ہوگا۔ اجلاس کے دوسرے مرحلے میں 20 نشستیں ہوں گی، جو 4 اپریل تک جاری رہے گا۔ اجلاس کے دوران سال 2025-26 کے لیے گرانٹس کی مانگ اور متعلقہ تصرف بِل پر بحث اور ووٹنگ ہوگی۔ اس کے علاوہ بینکنگ قوانین کے ترمیمی بِل، ساحلی شپنگ بِل 2024، 2024 کا Tribhuvan Sahkari یونیورسٹی بِل، امیگریشن اور غیر ملکیوں سے متعلق بِل 2025 کے علاوہ ریلوے ترمیمی بِل سمیت بہت سے بِلوں کو بحث کے لیے پیش کیا جائے گا اور اُنہیں منظوری دی جائے گی۔

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا پہلا مرحلہ 31 جنوری سے 13 فروری تک جاری رہا، جبکہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے خطاب کیا تھا اور وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے اجلاس کے پہلے مرحلے کے دوران مرکزی بجٹ پیش کیا تھا۔ پہلے مرحلے کے دوران لوک سبھا میں 112 فیصد تک کام کاج ہوا تھا، جو ایک ریکارڈ ہے۔ ×

## Rev. Mahila Samridhi Yojna

دلّی سرکار نے، غریب خواتین کو ہر ماہ ڈھائی ہزار روپے فراہم کرنے کے لیے مہیلا سَمردھی یوجنا کو منظوری دے دی ہے۔ اس بات کا اعلان ایک پریس کانفرنس کے دوران دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے کیا۔ انہوں نے خواتین کے عالمی دن کے موقع پر کہا کہ دلّی سرکار کی کابینہ کی ایک میٹنگ ہوئی تھی، جس میں اس اسکیم کو منظوری دی گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس اسکیم کے نفاذ کے لیے 5 ہزار ایک سو کروڑ روپے کا بجٹ منظور کیا گیا ہے۔ اس کمیٹی نے دلّی کے وزراء آتش سود، پرویش صاحب سنگھ اور کپل مشرا کو ممبروں کی حیثیت سے شامل کیا ہے۔ دلّی کی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مہیلا سَمردھی یوجنا کے لیے رجسٹریشن کا عمل شروع کرنے کے لیے جلد ہی ایک پورٹل کا آغاز کیا جائے گا۔

خواتین کو مالی فائدے بلا روک ٹوک پہنچانے اور اُس میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے آدھار پر مبنی e-KYC اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جائے گا۔ محترمہ گپتا نے کہا کہ دلّی سرکار قومی راجدھانی کی خواتین کے تحفظ اور خوشحالی کو یقینی بنانے کے لیے بھی کام کرے گی۔×

## Sitharmana India US Trade

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ بھارت کو امریکہ کے ساتھ معاشی ترقی کو فروغ دینے اور بغیر رکاوٹ کے سپلائی چین کو یقینی بنانے کے لیے، بہتر تجارتی معاہدے کی توقع ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ محصولات سے متعلق، بڑھتے ہوئے عالمی تنازعے کے درمیان بھارت کو ہوشیاری سے قدم اٹھانا ہوگا تاکہ زیادہ امریکی محصولات کا سامنا کرنے والے ملکوں کی اشیا کی ممکنہ بے تحاشہ درآمدات سے خود کو محفوظ رکھا جا سکے۔

محترمہ سیتارمن نے کہا کہ ساتھ ہی ساتھ بھارت گھریلو صنعتوں کے مفادات کا تحفظ کرے گا، جو قابل استطاعت درآمدات پر منحصر ہے۔ وہ کل ممبئی میں ایک ایوارڈ تقریب میں اظہارِ خیال کر رہی تھیں۔

## S/B Nirmala Sitharaman Indo US

محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ ساتھ ہی بھارت ان گھریلو صنعتوں کے مفادات کا تحفظ کرے گا جو سستی درآمدات پر انحصار کرتی ہیں۔ وہ کل ممبئی میں ایک ایوارڈ تقریب سے خطاب کر رہی تھیں۔

بھارت اور امریکہ ایک دو طرفہ تجارتی معاہدے پر بات چیت کر رہے ہیں جس کا مقصد 2030 تک تجارت کو دوگنا یعنی 500 ارب ڈالرکرنا ہے۔ ایک ہفتے طویل دورے کے بعد کامرس کے وزیر پیوش گوئل اپنے امریکی ہم منصب کے ساتھ تجارت سے متعلق بات چیت کرنے کے بعد کل واشنگٹن سے لوٹ آئے۔

وزیر خزانہ نے یہ بھی کہا کہ GST کی شرحوں میں مزید کمی آئے گی اور ٹیکس شرحوں اور Slabs کو معقول بنانے پر کام تقریباً حتمی مرحلے تک پہنچ گیا ہے۔x

**India US**

بھارت نے حال ہی میں طے پائے باہمی طور پر سودمند دو طرفہ تجارتی معاہدوں کے تحت اہم ممالک جیسے آسٹریلیا، متحدہ عرب امارات، سوئٹزر لینڈ، اور ناروے کے لیے اوسطاً نافذ کیے جانے والے محصولات میں نمایاں کمی کردی ہے۔ ذرائع اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ دیگر شراکتداروں کے علاوہ اسی طرح کے مذاکرات یوروپی یونین اور انگلینڈ کے ساتھ بھی جاری ہیں۔ ذرائع کے مطابق امریکہ کے ساتھ جاری بات چیت کو مذکورہ تناظر میں دیکھا جانا چاہیے۔

اس سال فروری میں بھارت اور امریکہ نے 2025 کے آخر تک باہمی فائدے کے کثیر شعبہ جاتی دو طرفہ تجارتی سمجھوتے BTA کے پہلے مرحلے کے مذاکرات کرائے جانے پر اتفاق کیا۔

اس ضمن میں تجارت و صنعت کے وزیر کی قیادت میں ایک بھارتی وفد نے اس ہفتے واشنگٹن کا دورہ کیا تھا اور امریکہ کے تجارتی سکریٹری، امریکی تجارتی نمائندے اور ان کی ٹیموں سے ملاقات کی تھی۔

ذرائع نے مزید بتایا کہ وزیراعظم نریندر مودی کے امریکہ کے دورے کے دوران اجاگر کیے گئے تجارت کے دیگر پہلوؤں اور محصولات پر تبادلۂ خیال جاری ہے۔x

**Labour Portal**

وزارتِ محنت اور روزگار نے پلیٹ فارم پر کام کرنے والے ورکرز پر زور دیا ہے کہ وہ باقاعدہ منظوری اور آیوشمان بھارت پردھان منتری جَن آروگیہ یوجنا AB-PMJAY سے فائدہ حاصل کرنے کے لیے، ای-شرم پورٹل پر اپنا اندراج کرائیں۔ AB-PMJAY صحت اسکیم ملک کے 31 ہزار سے زیادہ سرکاری اور پینل میں شامل پرائیویٹ اسپتالوں میں ثانوی اور تیسرے درجے کی طبّی سہولیات کے لیے سالانہ فی کنبہ پانچ لاکھ روپے کی کوریج فراہم کرتی ہے۔

ملک کی معیشت میں Gig اور پلیٹ فارم ورکرز کے تعاون کو تسلیم کرتے ہوئے مرکزی بجٹ 26-2025 میں ای-شرم پورٹل پر پلیٹ فارم ورکروں کے آن لائن رجسٹریشن، شناختی کارڈ جاری کرنے اور حفظانِ صحت سے متعلق کوریج کے التزامات شامل کیے گئے ہیں۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## GONG

## Punjab Arrest

پنجاب میں، جیل کے دو سینئر افسروں اور دیگر 4 جیل اہلکاروں کو کل شام تلاشی کی دو الگ الگ کارروائیوں کے دوران جیلوں کے اندر مجرمانہ سازش رچنے اور منشیات کا دھندا کرنے کے الزامات میں گرفتار کیا ہے، جن افسروں کو گرفتار کیا گیا ہے اُن میں ہوشیار پور سینٹر جیل کے سپرنٹنڈنٹ، دیگر 4 اہلکاروں کے علاوہ امرتسر جیل کا ایک وارڈن بھی شامل ہے۔ وہ دونوں جیلوں میں قیدیوں کو منشیات سپلائی کرنے میں ملوث پائے گئے تھے۔ اُن تین جیل قیدیوں کے خلاف بھی کارروائی کی گئی ہے، جو پہلے سے ہی سزا بھُگت رہے ہیں۔

نارکوٹکس سے نمٹنے سے متعلق ٹاسک فورس کے سربراہ نیلبھ کشور نے بتایا کہ ہوشیار پور جیل کے اندر ایک منظم ڈھنگ سے منشیات کی اسمگلنگ کی انکوائری کے بعد ایک FIR درج کی گئی ہے۔

اس انکوائری میں انکشاف ہوا ہے کہ منشیات کی اسمگلنگ میں کچھ قیدی بھی ملوث تھے۔ جیل کے بدعنوان افسروں کو اِن کی مدد حاصل تھی۔

ایک علیحدہ کیس میں امرتسر جیل کے وارڈن کو قیدیوں کو منشیات اور دیگر نشہ آور چیزیں سپلائی کرنے کے لیے گرفتار کیا گیا تھا۔ امرتسر جیل کے سپرنٹنڈنٹ ہیمنت شرما نے بتایا کہ حکام نے نشہ آور پاؤڈر، ٹیبلیٹس اور نقد 63 ہزار روپے امرتسر جیل وارڈن کے قبضے سے برآمد کیے ہیں۔×

## Myanmar Electricity

میانمار کے سرکاری میڈیا نے اطلاع دی ہے کہ فوجی حکومت دسمبر یا اگلے سال جنوری میں انتخابات کرائے گی۔ مقامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق Junta چیف Min Aung Hlaning نے کہا کہ ووٹ آزادانہ منصفانہ ہوں گے اور 53 سیاسی پارٹیاں انتخابات میں حصہ لینے کے سلسلے میں اپنی فہرستیں داخل کر چکی ہیں۔

فروری 2021 میں فوجی بغاوت کے ذریعے میانمار کی جمہوری طور پر منتخب حکومت کا تختہ پلٹے جانے کے بعد سے یہ پہلے انتخابات ہوں گے۔x

## Khelo India Winter Games

موسمِ سرما کے کھیلو انڈیا گیمس 2025 کا دوسرا مرحلہ آج گلمرگ، جموں و کشمیر میں شروع ہوگا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

**V/C Chirag**

لیہہ، لداخ میں کھیلو انڈیا ونٹر گیمس کے پہلے مرحلے کی کامیابی کے بعد آج گلمرگ میں اس کا دوسرا مرحلہ شروع ہوگا، جس میں **Skiing** اور **Snow boarding** کے مقابلے ہوں گے۔

پہلے مرحلے کا فاتح، مرکز کے زیر انتظام لداخ کا مقصد اپنے مجموعی خطاب کا دفاع کرنا ہے۔ گیمس کے دوسرے مرحلے کو گلمرگ میں برفباری کی کمی کے سبب ملتوی کردیا گیا تھا۔

آکاشوانی دلی سے چراغ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.................

## Champions Trophy Final

مردوں کی **ICC** چیمپئنس ٹرافی **2025** کے فائنل میچ میں آج بھارت کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہوگا۔ یہ اہم میچ آج دبئی میں بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ڈھائی بجے شروع ہوگا۔ ٹیم انڈیا گروپ مرحلے میں ابھی تک کوئی میچ نہیں ہاری ہے اور اُس نے گروپ مرحلے میں ہی نیوزی لینڈ پر **44** رن سے جیت حاصل کی تھی اور اس طرح بھارت مضبوط ریکارڈ کے ساتھ فائنل میں داخل ہوا ہے۔ نیوزی لینڈ نے بھی اپنے سبھی باقی میچز جیتے ہیں۔ میچ سے پہلے ایک پریس کانفرنس میں بھارت کے نائب کپتان شُبھ من گِل نے زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ **2024** میں عالمی کپ میں جیت نے ٹیم پر سے دباؤ ختم کر دیا ہے کیونکہ اُن کا رُخ اب ایک بڑے اور اہم فائنل کی طرف ہے۔**x**

## S/B Shubhman Gill

## WPL Cricket

خواتین کی پریمیر لیگ(**WPL**)  میں کل رات لکھنؤ کے اِکانا کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں یوپی واریئرس نے رائل چیلنجر بنگلورو کو **12** رن سے ہرایا۔ **226** رن کے جیت کے نشانے کو حاصل کرنے کی جدوجہد میں رائل چیلنجرز بنگلورو کی ٹیم **19** اوورز اور **3** گیندوں میں **213** رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔

بنگلورو کے لیے رچاگھوشن نے سب سے زیادہ **33** گیندوں میں **69** رن بنائے جبکہ سنیہہ رانا نے محض چھ گیندوں میں تیزی سے **26** رن بنائے۔ البتہ ان کی کوششیں انھیں جیت سے ہمکنار کرنے میں ناکام رہیں۔ یوپی واریئرس کے لیے جارجیا وال نے **56** گیندوں میں **99**  رن بنائے اور وہ ناٹ آؤٹ رہیں جبکہ کرن ناوگیرے نے بہت تیزی سے محض **16** گیندوں میں **46** رن بنائے۔

بنگلورو **5** ٹیموں کے ٹورنامنٹ سے باہر ہونے والی دوسری ٹیم ہے۔

**RCB** کے **7** میچوں سے سب سے کم **4** پوائنٹس ہیں جبکہ یوپی وائریئرس کے **6** پوائنٹس ہیں۔**x**

## IMD Weather

بھارتیہ محکمۂ موسمیات نے ہمالیائی ذیلی مغربی بنگال میں کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔

محکمہ نے جموں و کشمیر لداخ، گلگت، بلتستان، مظفر آباد، ہماچل پردیش کے بھی اکا دکا مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔

محکمہ نے تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں بھی اسی طرح کے موسمی حالات کی پیش گوئی کی ہے۔x

**Punjab Factory Collapse**

پنجاب کے لدھیانہ میں کل شام ایک فیکٹری کے زیر تعمیر حصے کی چھت منہدم ہو جانے کے نتیجے میں ایک مزدور ہلاک اور 5 دیگر زخمی ہو گئے۔ پولیس ذرائع نے جالندھر کے آکاشوانی نیوز کو تصدیق کی ہے کہ ملبے میں دبے 7 مزدوروں میں سے 5 زخمیوں کو بچا کر اُنہیں اسپتال داخل کرا دیا گیا ہے، جبکہ ایک مزدور ابھی بھی لاپتہ ہے۔ اس حادثے کے بعد بڑے پیمانے پر راحت اور بچاؤ کارروائی فوری طور پر شروع کر دی گئی ہے اور یہ کارروائی ابھی بھی جاری ہے۔ صحت کے محکمے کی ٹیمیں بھی جائے حادثے پر تعینات کی گئی ہیں۔×

ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس کی شہ سرخی ہے، ''گجرات کے نوساری میں لکھ پتی دیدی کے پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم مودی نے کہا، دنیا میں سب سے زیادہ خاتون پائلٹ بھارتی۔''

اخبار پرتاپ لکھتا ہے دلی سرکار نے عورتوں کو دو ہزار 500 روپے دینے کی اسکیم کو منظوری دی۔

اخبار ملاپ نے نئی دلی میں ''ناری شکتی سے وکست بھارت'' کے موضوع پر ایک قومی کانفرنس کے افتتاح کے موقع پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ ترقی یافتہ بھارت میں خواتین کا کردار اہم۔

راشٹریہ سہارا کی ایک سرخی ہے چیمپینز ٹرافی میں نیوزی لینڈ کو شکست دے کر 2013 کی تاریخ دہرانے کے لیے روہت شرما کے شیر تیار، مقابلہ آج۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

_ او آئی سی کا ہنگامی اجلاس، فلسطینی عوام کا جبراً نقل مکانی کے بیانات مسترد۔

_ روس پر پابندیاں لگانے پر گہرائی سے غوروخوض کر رہا ہوں: امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کا بیان۔

_ ملک شام میں خونریز تشدد کے دوران مرنے والوں کی تعداد 524 ہوئی۔

_ اسرائیل غزہ پر دوبارہ حملے کی تیاری کر رہا ہے: امریکی میڈیا کی رپورٹ

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی، منگل سے ماریشس کا دو روزہ سرکاری دورہ کریں گے۔

2- پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ کل شروع ہوگا۔

3- دلّی سرکار نے، مجاز خواتین کو ہر ماہ ڈھائی ہزار روپے فراہم کرنے کی غرض سے مہیلا سَمردھی یوجنا کو منظوری دے دی ہے۔

4- وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ بھارت، معاشی ترقی کو فروغ دینے اور بلا روکاوٹ سپلائی چَینس کو یقینی بنانے کے لیے امریکہ کے ساتھ ایک بہتر تجارتی سمجھوتے کا منتظر ہے۔

5- موسمِ سرما کے کھیلو انڈیا گیمس 2025 کا دوسرا مرحلہ آج جموں و کشمیر کے گلمرگ میں شروع ہوگا۔

6- اور کرکٹ میں، آج سہ پہر دبئی میں ICC چیمپئنس ٹرافی کے فائنل میں بھارت کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔